## NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON RULES OF PROCEDURE AND PRIVILEGES ON THE AMENDMENTS IN THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

I, Chairman of the Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges have the honor to present this report, on the amendments in Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, referred to the Committee on 8th May, 2019.

2. The Committee comprises the following:-

| | |
|---|---|
| 1. **Rana Muhammad Qasim Noon** | **Chairman** |
| 2. Mr. Zulfiqar Ali Khan Dullah | Member |
| 3. Mehar Ghulam Muhammad Lali | Member |
| 4. Mr. Nawab Sher | Member |
| 5. Mr. Khuram Shahzad | Member |
| 6. Ms. Ghulam Bibi | Member |
| 7. Rai Muhammad Murtaza Iqbal | Member |
| 8. Mian Muhammad Shafiq | Member |
| 9. Makhdoomzada Syed Basit Ahmed Sultan | Member |
| 10. Mr. Muhammad Amjad Farooq Khan Khosa | Member |
| 11. Mr. Ali Nawaz Shah | Member |
| 12. Mr. Muhammad Sajjad | Member |
| 13. Chaudhry Armghan Subhani | Member |
| 14. Mr. Mohsin Nawaz Ranjha | Member |
| 15. Rana Sana Ullah Khan | Member |
| 16. Mr. Muhammad Junaid Anwar Chaudhary | Member |
| 17. Syed Imran Ahmad Shah | Member |
| 18. Syed Murtaza Mahmud | Member |
| 19. Pir Syed Fazal Ali Shah Jillani | Member |
| 20. Syed Ghulam Mustafa Shah | Member |
| 21. Ms. Shagufta Jumani | Member |
| 22. Mr. Ali Wazir | Member |
| 23. Minister for Parliamentary Affairs | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the amendments as introduced in the National Assembly placed at Annexure-A, in its meetings held on 8th July, 2019, 21st August, 2019 and 3rd February, 2020 and proposed the following amendments therein:-

### (1) Amendment in Rule 69

The amendment proposed in rule 69 be deleted.

(2) **Amendment in Rule 244**

In rule 244, in newly proposed paragraph (D), in sub-paragraph (4), for the expression, "one forth", the expression, "one fifth", shall be substituted.

4. The Committee recommends that the amendments as reported by the Committee placed at Annexure-B, may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(Tahir Hussain)**
**Secretary**
Islamabad, the 10th August, 2020

**Sd/-**
**(RANA MUHAMMAD QASIM NOON)**
**Chairman**

**ANNEXURE-A**

## [AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

## AMENDMENTS MADE IN THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007, PROPOSED BY DR.NAFISA SHAH, MNA

1. **Amendment in Rule 69 of the Rules of Procedure:-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 69, the existing provision shall be re-numbered as sub-rule (1) of that rule and after sub-rule (1) as re-numbered here in above the following new sub-rule shall be inserted and new proviso shall be added, namely:-

   "(2) On the first Wednesday of each session, subject to availability of the Prime Minister, following the Question Hour there shall be a Prime Minister's Question Time, which will be at least half an hour and allocated for question put to the Prime Minister on matters of national importance:

   "Provided that the Leader of the Opposition shall have precedence in asking the question and at least one supplementary question."

2. **Amendment in rule 122 of the Rules of Procedure.-** In Rule 122, the following new proviso shall be added, namely:-

   "Provided further that the National Assembly may refer a Bill to the Committee of the Whole House".

3. **Amendment in rule 244 of the Rules of Procedure.-** In Rule 244, after sub-rule (C), the following new sub-rule (D) shall be added, namely:-

   **"(D) . Committee of the Whole House.- (1)** The House may resolve itself into a Committee of the Whole House on a motion moved by any member of the House. When the House constitutes itself into a Committee of the Whole House, it functions as one Committee acting upon any legislation, resolution or a matter referred to it by the House. Its membership shall be composed of all the members of the House.

   (2) The proceedings of the Committee shall be according to the rules of the House but a member may speak more than once.

   (3) The Committee shall be presided over by a Chairperson who can be any member nominated by the Speaker. The Speaker's Chair will remain vacant and the Chairperson will occupy the Tables with designated officials sitting on either side.

   (4) The Quorum of the Committee shall be one fourth of the total membership of the House.

   (5) The Committee shall present its report to the House on completion of the deliberation and the process thereafter will follow the same process as that of the report of the Standing Committee."

*****

**ANNEXURE-B**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

## AMENDMENTS MADE IN THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007, PROPOSED BY DR.NAFISA SHAH, MNA

In the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.-

1) In rule 122, in the proviso, for the full stop at the end, a colon shall be substituted and thereafter the following new proviso shall be added, namely:-

"Provided further that the National Assembly may refer a Bill to the Committee of the Whole House"; and

2) In rule 244, after the expression (C), the following expression (D), shall be added, namely:-

"D . **Committee of the Whole House**.- (1) The House may on a motion moved by any member of the House resolve and constitute itself into a Committee of the Whole House consisting of all of its members and shall function as one Committee acting upon any legislation, resolution or a matter referred to it by the House.

(2) The proceedings of the Committee shall be according to the rules of the House but a member may speak more than once.

(3) The Committee shall be presided over by a Chairperson who may be any member nominated by the Speaker and the Speaker's Chair shall remain vacant and the Chairperson shall occupy the Tables with designated officials sitting on either side.

(4) The quorum of the Committee shall be one-fifth of the total membership of the House.

(5) The Committee shall present its report to the House on completion of the deliberation and the same procedure shall be followed as provided for in these rules for the report of the Standing Committee".

****

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم پر قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار و استحقاقات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار و استحقاقات ۸ رمئی ،۲۰۱۹ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | رانا محمد قاسم نون | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب ذوالفقار علی خان دولہا | رکن |
| ۳۔ | مہر غلام محمد لالی | رکن |
| ۴۔ | جناب نواب شیر | رکن |
| ۵۔ | جناب خرم شہزاد | رکن |
| ۶۔ | محترمہ غلام بی بی | رکن |
| ۷۔ | رائے محمد مرتضی اقبال | رکن |
| ۸۔ | میاں محمد شفیق | رکن |
| ۹۔ | مخدوم زادہ سید باسط احمد سلطان | رکن |
| ۱۰۔ | جناب محمد امجد فاروق خان کھوسہ | رکن |
| ۱۱۔ | جناب علی نواز شاہ | رکن |
| ۱۲۔ | جناب محمد سجاد | رکن |
| ۱۳۔ | چوہدری ارمغان سبحانی | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محسن نواز رانجھا | رکن |
| ۱۵۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۶۔ | جناب محمد جنید انوار چوہدری | رکن |
| ۱۷۔ | سید عمران احمد شاہ | رکن |
| ۱۸۔ | سید مرتضٰی محمود | رکن |
| ۱۹۔ | پیر سید فضل علی شاہ جیلانی | رکن |
| ۲۰۔ | سید غلام مصطفی شاہ | رکن |
| ۲۱۔ | محترمہ شگفتہ جمانی | رکن |
| ۲۲۔ | جناب علی وزیر | رکن |
| ۲۳۔ | وزیر برائے پارلیمانی امور | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۸/جولائی، ۲۰۱۹ء، ۲۱/اگست، ۲۰۱۹ء اور ۳/فروری، ۲۰۲۰ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ ترامیم پر غور کیا اور ان میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

(۱) **قاعدہ ۶۹ میں ترمیم**

قاعدہ ۶۹ میں تجویز کردہ ترمیم حذف کر دی جائے۔

(۲) **قاعدہ ۲۴۴ میں ترمیم**

قاعدہ ۲۴۴ میں، نئے تجویز کردہ پیرا (د) میں، ذیلی پیرا (۴) میں، عبارت "ایک چوتھائی" کو عبارت "پانچواں حصہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب کے طور پر کمیٹی کی رپورٹ کردہ ترامیم کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(رانا محمد قاسم نون)
چیئرمین

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

اسلام آباد، ۱۰/اگست، ۲۰۲۰ء

ضمیمہ۔الف

[ قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں ]

## ڈاکٹر نفیسہ شاہ، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں تجویز کردہ ترامیم۔

۱۔ **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۶۹ میں ترمیم:۔** یہ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۶۹ میں، موجودہ دفعہ کو مذکورہ قاعدہ کے ذیلی قاعدہ (۱) کے طور پر شمار کیا جائے گا اور مذکورہ بالا طور پر دوبارہ شمار کردہ ذیلی قاعدہ (۱) کے بعد، حسب ذیل نیا ذیلی قاعدہ شامل کر دیا جائے گا اور ایک نئے جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۲) ہر اجلاس کے پہلے بدھ کو، وزیر اعظم کے دستیاب ہونے کی صورت میں، وقفہ سوالات کے بعد وزیر اعظم کا وقفہ سوالات ہوگا جس کا دورانیہ کم از کم نصف گھنٹہ ہوگا جو قومی اہمیت کے معاملات پر وزیر اعظم سے دریافت کئے جانے والے سوالات کے لئے مختص ہوگا۔

"مگر شرط یہ ہے کہ قائد حزب اختلاف کو سوال اور کم از کم ایک ضمنی سوال دریافت کرنے میں تقدم حاصل ہوگا۔"

۲۔ **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۱۲۲ میں ترامیم:۔** یہ کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، بعد ازیں جس کا حوالہ مذکورہ قواعد کے طور پر دیا گیا ہے، قاعدہ ۱۲۲ میں حسب ذیل نئے جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر مزید شرط یہ ہے کہ قومی اسمبلی بل کو پورے ایوان کی کمیٹی کے سپرد کر سکے گی۔"

۳۔ **طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۲۴۴ میں ترامیم:۔** قاعدہ ۲۴۴ میں، ذیلی قاعدہ (ج) کے بعد، حسب ذیل نئے ذیلی قاعدہ (د) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(د) **پورے ایوان کی کمیٹی۔** (۱) یہ ایوان اپنے آپ کو ایوان کے کسی بھی رکن کی جانب سے پیش کردہ تحریک پر پورے ایوان کی کمیٹی قرار دینے کا فیصلہ کر سکتا ہے۔ جب ایوان اپنے آپ کو پورے ایوان کی ایک کمیٹی کے طور پر تشکیل دے دے تو وہ کسی بھی قانون سازی، قرارداد یا ایوان کی جانب سے اس کے سپرد کردہ کسی معاملے پر عمل در آمد کرنے والی ایک کمیٹی کی حیثیت سے کام کرے گا۔ اس کی رکنیت، ایوان کے تمام اراکین پر مشتمل ہوگی۔

(۲) کمیٹی کی کارروائی ایوان کے قواعد کے مطابق ہوگی، لیکن کوئی رکن ایک سے زیادہ مرتبہ بول سکے گا۔

(۳) ایک چیئرپرسن کمیٹی کی صدارت کرے گا جو سپیکر کی جانب سے نامزد کردہ کوئی بھی رکن ہو سکتا ہے۔ سپیکر کی نشست خالی رہے گی اور چیئرپرسن اپنے دونوں جانب براجمان نامزد اہلکاروں کے ساتھ نشست پر تشریف فرما ہوں گے۔

(۴) کمیٹی کا کورم ایوان کی کل رکنیت کا ایک چوتھائی ہوگا۔

(۵) کمیٹی غور و خوض کی تکمیل پر ایوان کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور اس کے بعد کا عمل اسی طریق کار سے انجام پائے گا جو قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کی بابت اختیار کیا جاتا ہے۔"

منسلکہ۔ب

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں ]

ڈاکٹر نفیسہ شاہ، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں تجویز کردہ ترامیم۔

قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں،۔

۱) قاعدہ ۱۲۲ میں، جملہ شرطیہ میں آخر میں وقف کامل کو شرحہ سے تبدیل کر دیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئے جملہ شرطیہ کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"مگر مزید شرط یہ ہے کہ قومی اسمبلی کسی بل کو پورے ایوان کی کمیٹی کے سپرد کر سکے گی"؛ اور

۲) قاعدہ ۲۴۴ میں، عبارت (ج) کے بعد، حسب ذیل عبارت (د) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"د۔ **پورے ایوان کی کمیٹی۔** (۱) یہ ایوان ایوان کے کسی بھی رکن کی جانب سے پیش کردہ تحریک پر کا فیصلہ کر سکتا ہے کہ اپنے آپ کو پورے ایوان کی ایک کمیٹی کے طور پر تشکیل دے جو اس کے تمام اراکین پر مشتمل ہو گی اور ایوان کی جانب سے اس کے سپرد کردہ کسی قانون سازی، قرارداد یا معاملے پر عمل درآمد کرنے والی ایک کمیٹی کی حیثیت سے کام کرے گا۔

(۲) کمیٹی کی کارروائی ایوان کے قواعد کے مطابق ہو گی لیکن کوئی رکن ایک سے زیادہ مرتبہ بول سکے گا۔

(۳) ایک چیئرپرسن کمیٹی کی صدارت کرے گا جو سپیکر کی جانب سے نامزد کردہ کوئی بھی رکن ہو سکتا ہے اور سپیکر کی نشست خالی رہے گی اور چیئرپرسن اپنے دونوں جانب براجمان نامزد اہلکاروں کے ساتھ نشست پر تشریف فرما ہوں گے۔

(۴) کمیٹی کا کورم ایوان کی کل رکنیت کا پانچواں حصہ ہو گا۔

(۵) کمیٹی غور و خوض کی تکمیل پر ایوان کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی اور اسی طریق کار کو اختیار کیا جائے گا جس کی قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کی بابت ان قواعد میں صراحت کی گئی ہے۔"